SET-2

Series : SSO/1

کوڈ نمبر
Code No. **255/1/2**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ کر لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد **4** ہے اور نقشوں کے صفحات کی تعداد **2** ہے۔
- پرچہ کے دائیں طرف چھپے کوڈ نمبر کو طالب علم جواب کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھینگے۔
- آپ جانچ لیجئے کہ پرچہ میں **22** سوال ہیں۔
- **کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ نمبر کاپی میں لکھ دیجئے۔**
- آپ کو سوالوں کے پرچہ کو پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک طلبا پرچہ کو فقط پڑھینگے اور اِس دوران میں وہ جواب کاپی میں کوئی جواب نہیں لکھینگے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages + **2** pages of maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **22** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

جُغرافیہ (علم الارض)

GEOGRAPHY (Theory)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

Time allowed : 3 hours]

کُل نمبر : 70

[Maximum marks : 70

عام ہدایات :

(i) اِس پرچہ میں کُل **22** سوال ہیں۔

(ii) سوال نمبر **1** سے **7** تک کے سوال بہت چھوٹے جواب والے ہیں۔ اِن میں سے ہر ایک سوال **1** نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال **40** الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(iii) سوال نمبر **8** تا **13** تک کے سوال چھوٹے جواب والے ہیں۔ اِن میں سے ہر سوال **3** نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال **80** سے **100** الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(iv) سوال نمبر **14** سے **20** تک کے سوال لمبے جواب والے ہیں۔ ان میں سے ہر سوال **5** نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال **150** الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(v) سوال نمبر **21** سے **22** تک جغرافیائی خصوصیات کو پہچاننے، محل وقوع دکھانے اور ان کے نام لکھنے سے متعلق ہیں۔ ہر ایک **5** نمبر کا ہے۔

(vi) **دنیا** اور **ہندوستان** کے خاکے جو آپ کو پرچہ کے ساتھ دیئے گئے ہیں، انہیں اپنی جوابی کاپی کے ساتھ جوڑکر واپس لوٹانا ضروری ہے۔

(vii) نقشوں کے خاکے بنانے کے لیے **سٹینسلوں** کے استعمال کی اجازت ہے۔

(viii) **سبھی** سوال لازمی ہیں۔

1. آلودگی کی درجہ بندی کرنے کی کسوٹی کیا ہے ؟ **1**

2. شیرشاہ سوری نے شاہی شاہراہ کیوں تعمیر کروائی تھی ؟ **1**

3. ہندوستان میں شہرکاری کی سطح کو کس طرح ناپا جاتا ہے ؟ **1**

4. 'نقل وحمل کے جال' (نیٹ ورک) کی تعریف لکھیے۔ **1**

5. گاؤں اور شہروں میں پیشے کی بنیاد پر فرق بیان کیجیے۔ **½ + ½ = 1**

6. معاشی سرگرمیاں کسے کہتے ہیں ؟ **1**

7. 'آبادی کی تقسیم' اصطلاح کی تعریف لکھیے۔ **1**

8. دنیا میں دیہی بستیوں کے محل وقوع کے لیے ذمہ دار کوئی **تین** عوامل بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

9. انسانی جغرافیہ کے مطالعے کا مواد موضوع کیا ہے ؟ کوئی **تین** حقائق بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

10. ہندوستان میں دیہی بستیاں کس طرح سے شہری بستیوں سے مختلف ہیں ؟ وضاحت کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

11. ''ترقی کو یقینی بنانے کے لیے پانی کا تجزیہ، اثر آفریں استعمال اور تحفظ ضروری ہو گیا ہے۔'' آبی وسیلے کے تحفظ کی اہمیت کی روشنی میں وضاحت کیجیے۔ **3**

12. ''ہندوستان میں زمینی وسائل کی اہمیت ان لوگوں کے لیے زیادہ ہے، جن کی زندگی کا دارومدار کاشتکاری پر ہے۔'' کوئی تین موزوں دلائل دے کر اس قول کی وضاحت کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

13. ماحولیاتی آلودگی کیسے پیدا ہوتی ہے ؟ ماحولیاتی پست کاری کے لئے ذمہ دار آلودگی کی مختلف چار قسموں کو بیان کیجیے۔ **1 + 2 = 3**

14. آبادی کی مثبت نمو (positive growth) کب ہوتی ہے ؟ دنیا میں آبادی کی تقسیم کو متاثر کرنے والے جغرافیائی عوامل کی وضاحت کیجیے۔ **1 + 4 = 5**

15. 'خانہ بدوش چراگاہی' اصطلاح کی تعریف کیجیے۔ اس کی کوئی چار خصوصیات بیان کیجیے۔ **1 + 4 = 5**

16. دنیا میں صنعتوں کے محل وقوع کو متاثر کرنے والے کوئی پانچ عوامل تفصیل سے بیان کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

17. نقل وحمل کی شکل میں خود انسان سے لے کر آج کل کے کیبل ویز تک کے زمینی نقل وحمل کی ترقی کی راہ کا سفر بیان کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

18. ہندوستان میں آبادی کے اعداد وشمار (Data) کا ماخذ کیا ہے ؟ ہندوستان میں آبادی کی تقسیم کو سمجھائیے۔ **1 + 4 = 5**

19. ''ہندوستان میں سڑکوں کی تقسیم یکساں نہیں ہے۔'' اس قول کی تائید میں مناسب دلائل پیش کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

20. ہندوستان میں چراگاہوں کا رقبہ کیوں گھٹ رہا ہے ؟ معیشت میں تبدیلی زمینی استعمال میں تبدیلیوں کو کس طرح متاثر کرتی ہے ؟ وضاحت کیجیے۔ **2 + 3 = 5**

21. دنیا کے دیئے گئے سیاسی خاکے میں پانچ نشانات A، B، C، D اور E دکھائے گئے ہیں۔ نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے انہیں پہچانئے۔ ان کے نزدیک دی گئی لکیروں پر ان کے صحیح نام درج کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

(A) انسانی ترقی انڈیکس 2003 میں سب سے اونچی سطح پر درج ہونے والا ملک۔

(B) ریلوے ٹرمنل اسٹیشن

(C) ایک اہم ہوائی اڈا

(D) ایک بڑی بحری بندرگاہ

(E) ایک میگا شہر

نوٹ : درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لئے سوال نمبر **21** کے بدلے :

(21.1) انسانی ترقی کے اشاریے 2003 میں سب سے اونچی سطح پر درج ہونے والے ملک کا نام لکھیے۔

(21.2) آسٹریلیا پار ریلوے کا ایک سرے کا اسٹیشن کا نام لکھیے۔

(21.3) برازیل کے کسی اہم ہوائی اڈے کا نام لکھیے۔

(21.4) میکسیکو کے سمندر کے ساحل پر واقع اہم سمندری بندرگاہ کا نام لکھیے۔

(21.5) نائجیریا کا میگا شہر کونسا ہے؟

22. دیئے گئے **ہندوستان** کے سیاسی خاکے پر درج ذیل جگہوں کو موزوں نشانات سے دکھایئے اور ان کے نام لکھیے : **5 × 1 = 5**

(i) سب سے کم رقبہ والا صوبہ

(ii) جوٹ کا سب سے بڑی پیداوار والا صوبہ

(iii) ہریانہ میں تیل صاف کرنے والا کارخانہ

(iv) چھتیس گڑھ میں واقع لوہے اور اسپات کارخانہ

(v) کرناٹک میں بین الاقوامی ہوائی اڈا

نوٹ : درج ذیل سوال صرف **نابینا امیدواروں** کے لیے سوال نمبر **22** کے بدلے :

(22.1) ہندوستان میں سب سے کم رقبے والے صوبے کا نام بتایئے۔

(22.2) ہندوستان میں جوٹ کی پیداوار کرنے والا سب سے بڑا صوبہ کونسا ہے؟ نام لکھیے۔

(22.3) ہریانہ میں واقع تیل صاف کرنے والے کارخانے کا نام بتایئے۔

(22.4) چھتیس گڑھ کی اس جگہ کا نام بتایئے جہاں لوہے اور اسپات کا کارخانہ قائم ہے۔

(22.5) کرناٹک کے کس شہر میں بین الاقوامی ہوائی اڈا واقع ہے؟